Social Security Scotland
Tèarainteachd Shòisealta Alba

# پینشن ایج ڈس ایبلٹی پیمینٹ یعنی پینشن کی عمرکی معذوری کی ادائیگی

**پینشن ایج ڈس ایبلٹی پیمینٹ یعنی پینشن کی عمر کی معذوری کی ادائیگی کیا ہے؟**

پینشن کی عمر کی معذوری کی ادائیگی سکاٹ لینڈ میں لوگوں کے لیے اٹینڈینس الاؤنس کی جگہ لے رہی ہے۔

21اکتوبر 2024 کو اس کا آغاز آرگیل اینڈ بوٹ، ہائی لینڈ، ایبرڈین سٹی، اورکنی اور شیٹ لینڈ میں ہوا۔

اس کے بعد یہ 24 مارچ 2025 کو مزید 13 مقامی اتھارٹی کے علاقوں میں دستیاب ہوا اور 22 اپریل 2025 سے اسکاٹ لینڈ میں دستیاب ہوگا۔

**پینشن کی عمر کی معذوری کی ادائیگی کون حاصل کر سکتا ہے؟**

لوگ پینشن کی عمرکی معذوری کی ادائیگی کے لیے درخواست دے سکتے ہیں اگر وہ ریاستی پینشن کی عمر کے ہیں اور:

- معذور ہیں یا طویل مدتی صحت کے مسئلے میں مبتلا ہیں
- جن کو اپنی دیکھ بھال میں مدد کی ضرورت ہو یا محفوظ رکھنے کے لیے نگرانی کی ضرورت ہے

یا

- جان لیوا بیماری میں مبتلا ہیں

پینشن کی عمرکی معذوری کی ادائیگی ذرائع کی جانچ پڑتال پر مبنی نہیں۔ اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ اگر درخواست دینے والا شخص کام کر رہا ہے یا اس کے پاس بچت ہے یا نہیں ۔

**کیا ہوگا اگر کسی کو پہلے سے ہی اٹینڈینس الاؤنس یا آڈلٹ  ڈس ایبلٹی پیمنٹ یعنی بالغ معذوری کی ادائیگی مل جائے؟**

جو لوگ اٹینڈنس الاؤنس حاصل کر رہے ہیں انہیں درخواست دینے کی ضرورت نہیں کیونکہ ان کو ملنے والی ادائیگی خود بخود محکمہ برائے کام اور پینشن سے سوشل سیکورٹی سکاٹ لینڈ کو منتقل ہو جائے گی  -  یہ مرحلہ وار ہوگا، جس کی پہلی منتقلی 2025 کے اوائل میں متوقع ہے۔

جو لوگ آڈلٹ ڈس ایبلٹی پیمنٹ یعنی بالغ معذوری کی ادائیگی حاصل کر رہے ہیں وہ آڈلٹ ڈس ایبلٹی پیمنٹ پر رہیں گے اور جب وہ ریاستی پینشن کی عمر کو پہنچ جائیں گے تو وہ پینش ایج ڈس ایبلٹی پیمنٹ یعنی پینشن کی عمرکی معذوری کی ادائیگی میں منتقل نہیں ہوں گے۔

**درخواست دینے والے لوگوں سے ہمیں کیا درکار ہے؟**

کسی درخواست پر فیصلہ کرنے کے لیے، ہمیں یہ سمجھنے کی ضرورت ہوتی ہے کہ کسی کی صحت کا مسئلہ یا معذوری ان کی زندگی کو کیسے متاثر کرتی ہے۔

ہم لوگوں سے کہتے ہیں کہ وہ ہمیں درخواست فارم میں اس بارے میں بتائیں اور جہاں ممکن ہو، کسی پیشہ ور فرد سے معاون معلومات کا ایک ثبوت فراہم کریں۔ اس کا تشخیص ہونا ضروری نہیں۔

معاون معلومات کسی ایسے شخص کی طرف سے فراہم کی جانی چاہیے جو صارف کو جانتا ہو اور اسے وسیع طور پر ان کی معذوری، عارضوں یا ضروریات کی تصدیق کرنی چاہیے۔ معاون معلومات کی مثالوں میں سماجی دیکھ بھال کے منصوبے ، دوا کے نسخوں کی فہرستیں، حوالہ جاتی خطوط اور درخواست فارم میں معاونت کا بیان شامل ہیں۔

اضافی معاون معلومات صارف کے وسیع تر معاون نیٹ ورک کی طرف سے بھی فراہم کی جا سکتی ہیں، جیسا کہ دوست، خاندان، یا بلا معاوضہ دیکھ بھال کرنے والے۔ درخواستیں معاون معلومات کے بغیر دی جا سکتی ہیں - اگر وہ ہم سے کہیں تو ہم ان کی طرف سے معاون معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

اگر درخواست دینے والے شخص کو کوئی لاعلاج بیماری ہے تو وہ خصوصی قواعد کے تحت درخواست دے سکتا ہے اور ہم ان کی درخواست پر تیزی سے کام کریں گے۔۔

اگر کسی نے پینشن عمر کی معذوری کی ادائیگی کے لیے درخواست دی ہے یا وہ پہلے ہی حاصل کر رہا ہے اور بعد میں اسے لاعلاج بیماری کی تشخیص ملتی ہے، تو براہ کرم سوشل سیکیورٹی سکاٹ لینڈ سے رابطہ کریں۔ ہمارے ماہر مشیر ان کی مدد کر سکتے ہیں، یا جو شخص ان کی جانب سے تبدیلی کی اطلاع دے رہا ہو، انہیں اس عمل سے ان کی اپنی رفتار سے گزرنے میں مدد فراہم کر سکتے ہیں۔"

**ادائیگی کی شرحوں کا حساب کیسے لگایا جاتا ہے؟**

پینشن کی عمر کی معذوری کی ادائیگی 2 شرحوں پر مشتمل ہوتی ہے - ایک کم اور ایک زیادہ شرح۔

اگر کوئی اپنی دن کے وقت یا رات کے وقت کی ضروریات کی وجہ سے معیار پر پورا اترتا ہے تو کم شرح سے نوازا جاتا ہے۔ یہ فی ہفتہ £73.90 پاونڈ ہیں۔

اگر کوئی شخص اپنی دن اور رات کی دونوں ضروریات کی وجہ سے معیار پر پورا اترتا ہے، یا اگر کوئی شدید بیمار ہے تو اعلیٰ شرح سے نوازا جاتا ہے۔ یہ فی ہفتہ £110.40 پاونڈ ہیں۔

پینشن کی عمرکی معذوری کی ادائیگی کا کوئی نقل و حرکت کا جزو نہیں ہے۔

**لوگوں کو ادائیگی کیسے کی جائے گی؟**

پہلی ادائیگی کا حساب عام طور پر اس تاریخ سے لگایا جائے گا جب صارف نے ہمیں درخواست کا عمل شروع کرنے کے لیے کال کی یا اپنی آن لائن درخواست کا پہلا حصہ جمع کرایا۔

پینشن کی عمرکی معذوری کی ادائیگی ہر 4 ہفتوں میں کی جاتی ہے۔ یہ ادائیگی پچھلے 4 ہفتے کی مدت کے لیے ہوگی۔ اس کی ادائیگی درخواست میں دیئے گئے اکاؤنٹ میں کی جائے گی۔

اگر کوئی لاعلاج بیماری میں مبتلا ہے تو، پینشن کی عمرکی معذوری کی ادائیگی ہفتہ وار پیشگی ادا کی جائے گی۔

**کیا ادائیگی ان لوگوں کے لیے دستیاب ہے جو لاعلاج بیماری میں مبتلا ہیں؟**

جی ہاں۔ ان لوگوں کے لیے درخواست دینے کا ایک الگ طریقہ ہے جو لاعلاج بیماری میں مبتلا ہیں۔ اہل صارفین کو بینفٹ یعنی مالی وظیفے کی اعلی شرح ملے گی چاہے وہ کتنے عرصے سے لاعلاج بیماری میں مبتلا ہوں یا ان کے زندہ رہنے کی کتنی توقع ہو۔

کسی درخواست پرتیزی سے کام کرنے کے لیے ہمیں ڈاکٹر یا نرس سے جان لیوا عارضے کی تشخیص کی تصدیق کی ضرورت ہے۔ انہیں اسکاٹ لینڈ میں اسپیشل رولز (BASRiS) فارم کے تحت بینیفٹس اسیسمنٹ کو مکمل کرکے یہ فراہم کرنی چاہیے۔ کلائنٹ ہم سے ان سے درخواست کرنے کے لیے کہہ سکتے ہیں۔ کسی اور معاون معلومات کی ضرورت نہیں۔

**لوگ کیسے درخواست دے سکتے ہیں؟**

لوگ مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں اور **mygov.scot/pension-age-disability-payment** پر آن لائن درخواست دے سکتے ہیں۔ لوگ ذاتی طور پر، فون پر بھی درخواست دے سکتے ہیں یا ڈاک کے ذریعے کاغذی درخواست فارم طلب کر سکتے ہیں ہمیں **0800 182 2222** پر مفت کال کر کے۔

**درخواست دینے کے لیے مزید کیا معاونت موجود ہے؟**

سوشل سیکیورٹی اسکاٹ لینڈ کے بینیفٹس یعنی مالی وظائف کے لیے درخواست دیتے وقت وائس ایبلٹی کی آزاد وکالت سروس معذور افراد کی مدد کرتی ہے۔ وائس ایبلٹی سے مفت میں **0300 303 1660** پر یا **www.voiceability.org** پر جا کر رابطہ کریں۔

درخواست دینے کے لیے مزید تعاون مقامی سوشل سیکیورٹی سکاٹ لینڈ کے کلائنٹ ایڈوائزرز سے بھی دستیاب ہے۔ لوگ ہمیں 0800 182 2222 پر مفت کال کرکے ایک ایسے وقت اور مقام پر اپوائنٹمنٹ بک کر سکتے ہیں جو ان کے لیے مناسب ہو۔ اپائنٹمنٹس گھر پر، کمیونٹی میں، ویڈیو کال یا ٹیلی فون کے ذریعے ہو سکتی ہیں۔

**لوگ ہم سے کیسے رابطہ کر سکتے ہیں؟**

ہمیں اس نمبر پر مفت کال کریں: 0800 182 2222

ٹیکسٹ ریلے سروس: (ان کے لیے جنہیں سماعت کا مسئلہ ہو) 18001 +0300 244 4000

برٹش سائن لینگویج استعمال کرنے والے: contactscotland-bsl.org

ویب چیٹ: chat.socialsecurity.gov.scot

سوشل سیکیورٹی اسکاٹ لینڈ کو فالو کریں